انصاراللہ

2016

ansar.no

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

انصاراللہ ناروے

۲۰۱۶ء (۱۴۳۷ ہجری)

فہرست مضامین

القرآن	۳
حدیث	۴
جہاد اور قتال کے بارہ میں ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعودؑ	۵
اداریہ۔لاخوف	۸
پاکیزہ منظوم کلام حضرت مسیح موعودؑ	۱۲
عالمی امن۔ ارشادات حضرت خلیفۃالمسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ	۱۴
رپورٹ سالانہ کارکردگی مجلس انصاراللہ ناروے ۲۰۱۶	۱۹
کاروائی وسفارشات مجلس شوریٰ انصاراللہ ناروے ۲۰۱۶	۲۹
لائحہ عمل انصاراللہ ناروے انصاراللہ ۲۰۱۷	۳۳
صحت کارنر انصاراللہ ۔ سیب اور سیب کے سرکہ کے فوائد	۳۴
انتخاب	۳۷

ناروجین حصہ

1. Verdenssituasjonen idag og veien til fred
2. Den utlovede Messias as – Fredens ambassadør

امیر جماعت احمدیہ ناروے

مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب

صدر مجلس انصاراللہ ناروے

مکرم رائے عبدالقدیر صاحب

مدیر انصاراللہ

ڈاکٹر احمد رضوان صادق

پروف ریڈنگ

مکرم قاضی منیر احمد صاحب

سرورق

مکرم منصور احمد ڈار صاحب

Baitul Nasr, Søren bullsvei 1, 1051 Oslo Tel; 22447188

ansar.no

آنحضور ﷺ کی ایک جامع دعا: (ابوداؤد کتاب الصلٰوۃ باب تشہد)

"ہمارے دل خیر پر جمع کر دے اے اللہ! اور ہمارے درمیان صلح کے سامان مہیا فرما۔ اور سلامتی کی راہیں دکھا۔ اور ہمیں اندھیروں سے نور کی طرف نجات دے اور ہمیں بے حیائی کی باتوں اور فتنوں سے بچا۔ خواہ انکا تعلق ظاہر سے ہو یا باطن سے۔ اور (اے ہمارے ربّ!) ہمارے کانوں، آنکھوں اور دلوں میں برکت دے اور ہماری بیویوں اور اولاد میں بھی برکت عطا فرما اور ہم پر رجوع برحمت ہو۔ یقیناً تو بہت توبہ قبول کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔ اور (اے اللہ!) ہمیں اپنی نعمت کا شکر گزار اور اسکی تعریف کرنے والا، اسے قبول کرنے والا بنا اور وہ نعمت ہم پر پوری کر۔"

حضرت مسیح موعودؑ کی آڑے وقت کی دعا۔

رات کے آخری پہر میں اٹھو اور وضو کرو اور چند دوگانہ اخلاص سے بجالاؤ اور دردمندی اور عاجزی سے یہ دعا کرو۔ کہ **" اے میرے محسن اور میرے خدا میں ایک ناکارہ بندہ پُر معصیت اور پُر غفلت ہوں۔ تو نے مجھ سے ظلم پر ظلم دیکھا اور انعام پر انعام کیا۔ اور گناہ پر گناہ دیکھا اور احسان پر احسان کیا۔ تو نے ہمیشہ میری پردہ پوشی کی اور اپنی بے شمار نعمتوں سے مجھے متمتع کیا۔ سو اب بھی مجھ نالائق اور پُر گناہ پر رحم کر اور میری بیباکی اور ناسپاسی کو معاف فرما۔ مجھ کو میرے اس غم سے نجات بخش کہ بجز تیرے اور کوئی چارہ نہیں۔ آمین ثم آمین۔"**

مگر مناسب ہے کہ بروقت اس دعا کے فی الحقیقت دل کامل جوش سے اپنے گناہ کا اقرار اور اپنے مولا کے انعام اکرام کا اعتراف کرے کیوں کہ صرف زبان سے پڑھنا کوئی چیز نہیں۔ جوش دلی چاہیئے اور وقت گریہ بھی۔ یہ دعا معمولات عاجز سے ہے اور درحقیقت ایسے عاجز کے مطابق حال ہے۔ (بحوالہ الفضل ربوہ ۷ مئی ۲۰۱۶)

القرآن :

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا
تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَٰٓئِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا
تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنتُمْ
تُوعَدُونَ ۝٣٠

(سورۃ حامیم سجدہ آیت ۳۰)

یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کہا اللہ ہمارا ربّ ہے، پھر استقامت اختیار کی، اُن پر بکثرت فرشتے نازل ہوتے ہیں کہ خوف نہ کرو اور غم نہ کھاؤ اور اس جنت (کے ملنے) سے خوش ہو جاؤ جس کا تم وعدہ دیئے جاتے ہو۔

ansari

حدیث نبوی ﷺ:

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ جب کہ میں آنحضرت ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھا تھا آپ نے فرمایا۔ اے برخوردار میں تجھے چند باتیں بتاتا ہوں۔ اول یہ کہ تو اللہ تعالیٰ کا خیال رکھ، اللہ تعالیٰ تیرا خیال رکھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ پر نگاہ رکھ تو اسے اپنے پاس پائے گا۔ جب کوئی چیز مانگنی ہو تو اللہ تعالیٰ سے مانگ۔ اگر مدد مانگنی ہو تو اللہ تعالیٰ سے مانگ اور سمجھ لے کہ اگر سارے لوگ اکھٹے ہو کر تجھے فائدہ پہنچانا چاہیں تو وہ تجھے کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچا سکتے سوائے اس کہ کہ اللہ چاہے اور تیری قسمت میں فائدہ لکھ دے۔ اور اگر وہ تجھے نقصان پہنچانے پر اتفاق کرلیں تو تجھے نقصان نہیں پہنچا سکیں گے سوائے اس کہ کہ اللہ تعالیٰ تیری قسمت میں نقصان لکھ دے۔ قلمیں اٹھا کر رکھ دی گئی ہیں اور صحیفۂ تقدیر خشک ہو چکا ہے۔

(حدیقۃ الصالحین ص ۱۴۸)

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو اللہ تعالیٰ حاملین عرش کو حکم دیتا ہے کہ اب وہ تسبیح کرنا چھوڑ دیں بلکہ اب امت محمدیہ اور مؤمنین کیلئے استغفار کریں۔

(کنز العمال جلد ۸ صفحہ ۴۷۹ حدیث نمبر ۲۳۷۱۶۔ بحوالہ الفضل ربوہ ۲۰ جون ۲۰۱۶)

ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام:

”جہاد کے مسئلہ کی فلاسفی اور اسکی اصل حقیقت ایسا ایک پیچیدہ امر اور دقیق نکتہ ہے کہ جس کے نہ سمجھنے کے باعث سے اس زمانے اور ایسا ہی درمیانی زمانے کے لوگوں نے بڑی بڑی غلطیاں کھائی ہیں اور ہمیں نہائت شرم زدہ ہو کر قبول کرنا پڑتا ہے کہ ان خطرناک غلطیوں کی وجہ سے اسلام کے مخالفوں کو موقعہ ملا کہ وہ اسلام جیسے پاک اور مقدس مذہب کو جو سراسر قانون قدرت کا آئینہ اور زندہ خدا کا جلال ظاہر کرنے والا ہے مورد اعتراض ٹھراتے ہیں۔

جاننا چاہیئے کہ جہاد کا لفظ جہد کے لفظ سے مشتق ہے جس کے معانی ہیں کوشش کرنا اور پھر مجاز کے طور پر دینی لڑائیوں کے لئے بولا گیا اور معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤں میں جو لڑائی کو یدّہ کہتے ہیں دراصل یہ لفظ بھی جہاد کے لفظ کا بگڑا ہوا ہے۔ چونکہ عربی زبان تمام زبانوں کی ماں ہے اور تمام زبانیں اسی میں سے نکلی ہیں اس لئے یدّہ کا لفظ جو سنسکرت کی زبان میں لڑائی پر بولا جاتا ہے دراصل جہد یا جہاد ہے اور پھر جیم کو یا کے ساتھ بدل دیا گیا اور کچھ تصرف کر کے تشدید کے ساتھ بولا گیا“۔ (روحانی خزائن۔ گورنمنٹ انگریزی اور جہاد ص ۳)

جہاد کے حکم کے بارہ میں حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

” اس حکم کی اصل عبارت جو قرآن شریف میں اب تک موجود ہے یہ ہے۔ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ، الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ۔ (الحج ۴۰۔۴۱)۔ یعنی خدا نے ان مظلوم لوگوں کی جو قتل کئے جاتے ہیں اور ناحق اپنے وطن سے نکالے گئے فریاد سن لی اور ان کو مقابلہ کی اجازت دی گئی اور خدا قادر ہے جو مظلوم کی مدد کرے۔ مگر یہ حکم مختص الزمان والوقت تھا، ہمیشہ کے لئے نہیں تھا۔ بلکہ اس زمانہ کے متعلق تھا جب کہ اسلام میں داخل ہونے والے بکریوں اور بھیڑوں کی طرح ذبح کئے جاتے تھے۔ لیکن افسوس کہ نبوت اور خلافت کے زمانے کے بعد اس مسئلہ جہاد کے سمجھنے میں جس کی اصل جڑ آیت کریمہ مذکورہ بالا ہے

لوگوں نے بڑی بڑی غلطیاں کھائیں اور ناحق مخلوق خدا کو تلوار کے ساتھ ذبح کرنا دینداری کا شعار سمجھا گیا اور عجیب اتفاق یہ ہے کہ عیسائیوں کو تو خالق کے حقوق کی نسبت غلطیاں پڑیں اور مسلمانوں کو مخلوق کے حقوق کی نسبت۔ یعنی عیسائی دین میں تو ایک عاجز انسان کو خدا بنا کر اس قادر قیوم کی حق تلفی کی گئی جس کی مانند نہ زمین میں کوئی چیز ہے اور نہ آسمان میں۔ اور مسلمانوں نے انسانوں پر ناحق تلوار چلانے سے بنی نوع کی حق تلفی کی اور اس کا نام جہاد رکھا۔ غرض حق تلفی کی ایک راہ عیسائیوں نے اختیار کی اور دوسری راہ حق تلفی کی مسلمانوں نے اختیار کی۔ اور اس زمانہ کی بدقسمتی سے یہ دونوں گروہ ان دونوں قسم کی حق تلفیوں کو ایسا پسندیدہ طریق خیال کرتے ہیں کہ ہر ایک گروہ جو اپنے عقیدہ کے موافق ان دونوں قسموں میں سے کسی قسم کی حق تلفی پر زور دے رہا ہے وہ یہ سمجھ رہا ہے کہ گویا وہ اس سے سیدھا بہشت کو جائے گا اور اس سے بڑھ کر کوئی بھی ذریعہ بہشت کا نہیں"۔ (روحانی خزائن۔ گورنمنٹ انگریزی اور جہاد ص ۶۔۷)۔

"لکھا ہے کہ جب مسیح موعود ظاہر ہو جائے گا تو سیفی جہاد اور مذہبی جنگوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ کیونکہ مسیح نہ تلوار اٹھائے گا اور نہ کوئی اور زمینی ہتھیار ہاتھ میں پکڑے گا بلکہ اس کی دعا اس کا حربہ ہو گا۔ اور اس کی عقد ہمت اس کی تلوار ہو گی وہ صلح کی بنیاد ڈالے گا اور بکری اور شیر کو ایک ہی گھاٹ پر اکٹھے کرے گا اور اس کا زمانہ صلح اور نرمی اور انسانی ہمدردی کا زمانہ ہو گا۔ ہائے افسوس کیوں یہ لوگ غور نہیں کرتے کہ تیرہ سو برس ہوئے کہ مسیح موعود کی شان میں آنحضرت ﷺ کے منہ سے کلمہ یضع الحرب جاری ہو چکا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ مسیح موعود جب آئے گا تو لڑائیوں کا خاتمہ کر دے گا۔ اور اسی طرف اشارہ اس قرآنی آیت کا ہے حتی تضع الحرب اوزارھا (سورۃ محمد آیت ۵)۔ یعنی اس وقت تک لڑائی کرو جب تک مسیح کا وقت آجائے۔ یہی تضع الحرب اوزارھا ہے۔ دیکھو صحیح بخاری موجود ہے جو قرآن کے بعد اصح الکتب مانی گئی ہے۔ اس کو غور سے پڑھو۔ اے اسلام کے عالمو اور مولویو! میری بات سنو! میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اب جہاد کا وقت نہیں ہے خدا کے پاک نبی کے نافرمان مت بنو مسیح موعود جو آنے والا تھا آچکا اور اس نے حکم بھی دیا کہ آئندہ مذہبی جنگوں سے جو تلوار اور کشت خون کے ساتھ ہوتی ہیں باز آجاؤ تو اب بھی خونریزی سے باز نہ آنا اور ایسے وعظوں سے منہ بند نہ کرنا طریق اسلام نہیں۔ جس نے مجھے قبول

کیاہے وہ نہ صرف ان وعظوں سے منہ بند کرے گا بلکہ اس طریق کونہایت برا اور موجب غضب الٰہی جانے گا"

(روحانی خزائن۔ گورنمنٹ انگریزی اور جہاد ص ۸۔۹)۔

" دیکھو میں ایک حکم لے کر آپ لوگوں کے پاس آیا ہوں اور وہ یہ ہے کہ **اب سے تلوار کے جہاد کا خاتمہ ہے** مگر **اپنے نفسوں کے پاک کرنے کا جہاد باقی ہے۔** اور یہ بات میں نے اپنی طرف سے نہیں کہی بلکہ خدا کا یہی ارادہ ہے"

(روحانی خزائن۔ گورنمنٹ انگریزی اور جہاد ص ۱۵)

حضرت مسیح موعودؑ روحانی خزائن میں اربعین نمبر ۴ کے صفحہ ۴۴۳ کے حاشیہ میں لکھتے ہیں:

" جہاد یعنی دینی لڑائیوں کی شدت کو خدا تعالیٰ آہستہ آہستہ کم کرتا گیا ہے۔ حضرت موسیٰ کے وقت میں اس قدر شدت تھی کہ ایمان لانا بھی قتل سے بچا نہیں سکتا تھا اور شیر خوار بچے بھی قتل کئے جاتے تھے۔ پھر ہمارے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے وقت میں بچوں اور بڈھوں اور عورتوں کا قتل کرنا حرام کیا گیا اور پھر بعض قوموں کے لئے بجائے ایمان کے صرف جزیہ دے کر مواخذہ سے نجات پانا قبول کیا گیا اور پھر مسیح موعود کے وقت قطعاً جہاد کا حکم موقوف کر دیا گیا"

اب چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال — دیں کے لئے حرام ہے اب جنگ اور قتال

اب آگیا مسیح جو دین کا امام ہے — دین کی تمام جنگوں کا اب اختتام ہے

دشمن ہے وہ خدا کا جو کرتا ہے اب جہاد — منکر نبی کا ہے جو یہ رکھتا ہے اعتقاد

القصہ یہ مسیح کے آنے کا ہے نشاں — کر دے گا ختم آ کے وہ دیں کی لڑائیاں

اب تم میں کیوں وہ سیف کی طاقت نہیں رہی — بھید اس میں ہے یہی کہ وہ حاجت نہیں رہی

ہم اپنا فرض دوستو اب کر چکے ادا — اب بھی اگر نہ سمجھو تو سمجھائے گا خدا

اداریہ :

لاخوف

ہر شخص کی زندگی میں کوئی وقت ضرور ایسا آتا ہے جب وہ کسی نہ کسی خوف میں مبتلا ہوتا ہے۔ بعض خوف تو زندگی کی حفاظت اور جسم کو نقصان سے بچانے کے لئے نہایت ضروری ہوتے ہیں اور ایسے خوف انسان کی بقا کے لیئے انسان کی جبلت میں ہوتے ہیں۔ مثلاً گرنے، چوٹ لگنے کے خوف کی وجہ سے انسان بہت سے نقصانات سے بچا رہتا ہے۔ مگر بعض خوف جو انسان کی زندگی میں آہستہ آہستہ سرایت کرتے ہیں اور بعض لوگوں میں اس قدر شدت سے زور پکڑتے ہیں کہ ان کی زندگی اجیرن بن جاتی ہے۔ مثلاً مرنے کا خوف، بیماری کا خوف، بھوک کا خوف، دولت یا عزت چھن جانے کا خوف، اولاد سے جڑے مختلف خوف، آخرت کا خوف۔ دنیا اجتماعی طور پر بھی بہت سے خوفوں کا شکار ہے۔ مثلاً معاشی بدحالی کا خوف، جنگ کا خوف وغیرہ۔ ایسے تمام خوفوں سے کیونکر نجات ممکن ہے آیئے اس کے لیئے قرآن کریم سے راہنمائی لیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں "خوف اور لاخوف" کا لفظ بارہا استعمال کیا ہے۔ خوف کی وجوہات کیا ہیں اور اللہ تعالیٰ کے کون سے ایسے احکامات ہیں جن پر عمل کرنے سے ہر قسم کے خوف سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے، اس کی چند مثالیں ملاحظہ فرمایئے۔

سورۃ بقرہ کی آیت ۱۵۶ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ ۗ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ۔

ترجمہ: اور ہم ضرور تمہیں کچھ خوف اور کچھ بھوک اور کچھ اموال اور جانوں اور پھلوں کے نقصان کے ذریعہ آزمائیں گے۔ اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دے۔

یعنی زندگی میں ترقی کرنے کے لئے خوف کا آنا ضروری ہے اور جو لوگ صبر سے کام لیں گے اور خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے کام کرتے چلے جائیں گے اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوں گے وہ لوگ کامیاب ہوں گے اور ان لوگوں کو دنیوی خوف کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

پھر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری خوف اور بھوک کا سبب ہو سکتا ہے۔ سورۃ النحل آیت ۱۱۳ میں اللہ فرماتا ہے:

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ

فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ۔

ترجمہ: اور اللہ ایک ایسی بستی کی مثال بیان کرتا ہے جو بڑی پُر امن اور مطمئن تھی۔ اس کے پاس ہر طرف سے اس کا رزق بافراغت آتا تھا پھر اُس (کے مکینوں) نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ نے اُنہیں بھوک اور خوف کا لباس پہنا دیا ان کاموں کی وجہ سے جو وہ کیا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ سورۃ بقرہ کی آیت ۳۹ میں خوف سے بچنے کا ایک طریقہ بتاتے ہوئے فرماتا ہے:

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

ترجمہ: پس جب کبھی بھی تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت آئی تو جنہوں نے میری ہدایت کی پیروی کی ان پر کوئی خوف نہیں ہو گا اور نہ ہی وہ کوئی غم کریں گے۔

یعنی جو بھی اللہ کی طرف سے آئی ہوئی ہدایت یعنی قرآن مجید پر عمل کرے گا وہ بے خوف ہو گا۔

ایسا ہی طریق پھر سورۃ الاعراف آیت ۳۶ میں اللہ فرماتا ہے:

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

يَحْزَنُوْنَ۔

ترجمہ: اے ابنائے آدم! اگر تمہارے پاس تم میں سے رسول آئیں جو تم پر میری آیات پڑھتے ہوں تو جو بھی **تقویٰ اختیار کرے اور اصلاح کرے** تو ان لوگوں پر کوئی خوف نہیں ہو گا اور وہ غمگین نہیں ہوں گے۔

یعنی رسول خدا کی پیروی کرتے ہوئے جو بھی تقویٰ اختیار کرے گا اسے کوئی خوف نہ ہو گا۔

سورۃ بقرہ آیت ۲۷۸ میں نماز قائم کرنے اور زکوۃ ادا کرنے کو بے خوف ہونے کا ذریعہ بتایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

ترجمہ: **یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اور انہوں نے نماز کو قائم کیا اور زکوۃ دی** اُن کے لئے اُن کا اجر اُن کے ربّ کے پاس ہے۔ اور اُن پر کوئی خوف نہیں ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

پھر سورۃ بقرہ آیت ۲۷۵ میں اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کو خوف دور کرنے کا نسخہ بتایا:

اَلَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ بِالَّیۡلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِیَةً فَلَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ۚ وَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَلَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ۔

ترجمہ: وہ لوگ جو اپنے اموال خرچ کرتے ہیں رات کو بھی اور دن کو بھی، چھپ کر بھی اور کھلے عام بھی، تو ان کے لئے ان کا اجر اُن کے ربّ کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں ہو گا اور نہ وہ غم کریں گے۔

پھر احسان کرنے والے بے خوف ہوں گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ سورۃ بقرہ آیت ۱۱۳ میں فرماتا ہے:

بَلٰی مَنۡ اَسۡلَمَ وَجۡهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحۡسِنٌ فَلَهٗۤ اَجۡرُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَلَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ۔

ترجمہ: نہیں نہیں، سچ یہ ہے کہ جو بھی اپنا آپ خدا کے سپرد کر دے اور وہ احسان کرنے والا ہو تو اس کا اجر اس کے ربّ کے پاس ہے۔ اور اُن (لوگوں) پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

اللہ کی نعمتوں پر شکر کرنے سے انسان بے خوف ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سورۃ آل عمران آیت ۱۷۱ میں فرماتا ہے:

فَرِحِیۡنَ بِمَاۤ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ وَیَسۡتَبۡشِرُوۡنَ بِالَّذِیۡنَ لَمۡ یَلۡحَقُوۡا بِهِمۡ مِّنۡ خَلۡفِهِمۡ ۙ اَلَّا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَلَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ۔

ترجمہ: بہت خوش ہیں اس پر جو اللہ نے اپنے فضل سے اُنہیں دیا ہے اور وہ خوشخبریاں پاتے ہیں اپنے پیچھے رہ جانے والوں کے متعلق جو ابھی ان سے نہیں ملے کہ ان پر بھی کوئی خوف نہیں ہو گا اور وہ غمگین نہیں ہوں گے۔

وہ شخص بھی بے خوف ہو گا جو اللہ پر اور یوم آخر پر ایمان لایا اور اعمال صالح بجا لایا۔ اللہ تعالیٰ سورۃ المائدہ آیت ۷۰ میں فرماتا ہے:

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَالَّذِیۡنَ هَادُوۡا وَالصَّابِئُوۡنَ وَالنَّصٰرٰی مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَلَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ۔

ترجمہ: یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور صابی اور نصرانی جو بھی اللہ پر ایمان لایا اور یوم آخر پر اور نیک عمل بجا لایا اُن پر کوئی خوف نہیں اور وہ کوئی غم نہیں کریں گے۔

جو خدا کے بھیجے ہوئے پیغمبروں پر ایمان لے آئے اور اپنی اصلاح کرے وہ بے خوف ہو گا۔ اللہ تعالیٰ سورۃ الانعام آیت ۴۹ میں فرماتا ہے:

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

ترجمہ: اور ہم پیغمبر نہیں بھیجتے مگر اس حیثیت میں کہ وہ بشارت دینے والے اور انذار کرنے والے ہوتے ہیں۔ پس جو ایمان لے آئے اور اصلاح کرے تو ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ کوئی غم کریں گے۔

پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو بھی اللہ کا دوست ہے وہ بے خوف ہو گا۔ سورۃ یونس آیت ۶۳:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

ترجمہ: سنو کہ یقیناً اللہ کے دوست ہی ہیں جن پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

جس نے اللہ کو مانا اور اس پر استقامت اختیار کی وہ بے خوف ہو گا۔ سورۃ احقاف آیت ۱۴:

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کہا اللہ ہمارا ربّ ہے پھر (اس پر) استقامت اختیار کی تو نہ ان پر کوئی خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس انسان کو جس کو کوئی دنیوی خوف نہ ہو کامیاب انسان قرار دیا ہے اور اسے اپنا فضل کہا ہے۔ اس کے مقابلہ پر اللہ کا خوف اور خشیت انسان کو تقویٰ میں بڑھاتی ہے۔ خوف کیونکر انسان کی زندگی میں آتا ہے اور اسے کیسے دور کیا جا سکتا ہے اس کے گُر خدا تعالیٰ نے انسان پر احسان کرتے ہوئے خود بتا دئے۔ جب خوف نہیں ہو گا تو غم بھی نہیں ہو گا، دل مطمئن اور خوش ہو گا اور دنیا اور آخرت سنور جائے گی۔ اس کا ایک ذمنی فائدہ یہ بھی ہو گا کہ انسان بہت سی جسمانی بیماریوں سے بھی بچا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا کی راہوں پر چلائے اور اپنا خاص فضل فرماتے ہوئے ہر قسم کے خوف سے نجات دے، صحت سے رکھے اور دین و دنیا کی حسنات عطا فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین۔

منتخب منظوم کلام سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام :

یہ سراسر فضل و احساں ہے کہ میں آیا پسند
ورنہ درگہ میں تری کچھ کم نہ تھے خدمت گذار

آسماں میرے لیے تو نے بنایا اک گواہ
چاند اور سورج ہوئے میرے لئے تاریک و تار

صاف دل کو کثرت اعجاز کی حاجت نہیں
اک نشاں کافی ہے گر دل میں ہے خوف کردگار

بدگمانی نے تمہیں مجنوں و اندھا کر دیا
ورنہ تھے میری صداقت پر براہیں بے شمار

کہتے ہیں تثلیث کو اب اہل دانش الوداع
پھر ہوئے ہیں چشمہ توحید پر از جاں نثار

آسماں سے ہے چلی توحید خالق کی ہوا
دل ہمارے ساتھ ہیں گو منہ کریں بک بک ہزار

راگ وہ گاتے ہیں جس کو آسماں گاتا نہیں
وہ ارادے ہیں کہ جو ہیں بر خلاف شہریار

سر سے میرے پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں

اے مرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار

قوم کے لوگو! ادھر آؤ کہ نکلا آفتاب

وادئ ظلمت میں کیا بیٹھے ہو تم لیل ونہار

ہر طرف آواز دینا ہے ہمارا کام آج

جس کی فطرت نیک ہے وہ آئے گا انجام کار

ٹوٹے کاموں کو بناوے جب نگاہ فضل ہو

پھر بنا کر توڑ دے اک دم میں کر دے تار تار

تیری درگہ میں نہیں رہتا کوئی بھی بے نصیب

شرط رہ پر صبر ہے اور ترک نام اضطرار

گر نہ ہو تیری عنایت سب عبادت ہیچ ہے

فضل پر تیرے ہے سب جہد و عمل کا انحصار

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے

اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

عالمی امن

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ۲۰۰۸ میں برطانوی پارلیمنٹ کو خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔(بحوالہ عالمی بحران اور امن کی راہ)۔ ”اگر ہم گذشتہ چند صدیوں کی تاریخ کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیں تو ہمیشہ یہ نظر آئے گا کہ اس دور میں جو جنگیں ہوئیں وہ درحقیقت مذہبی جنگیں نہیں تھیں بلکہ زیادہ تر جغرافیائی اور سیاسی نوعیت کی جنگیں تھیں۔ آج بھی اقوام عالم کے مابین جو تنازعات موجود ہیں وہ دراصل سیاسی، علاقائی اور اقتصادی مفادات کی وجہ سے پیدا ہوئے ہیں اور حالات جو رخ اختیار کر رہے ہیں انہیں دیکھتے ہوئے مجھے ڈر ہے کہ مختلف ممالک کے سیاسی اور اقتصادی تغیرات ایک عالمگیر جنگ پر منتج ہو سکتے ہیں۔۔۔

اب میں مختصر طور پر بیان کروں گا کہ اسلام کی وہ کونسی تعلیمات ہیں جو دنیا میں امن قائم کرنے کے لئے ہیں یا یہ کہ ان تعلیمات کی روشنی میں دنیا میں کس طرح امن قائم کیا جاسکتا ہے؟۔۔۔ ہمارا سب سے اہم کام ایک ہی ہے اور وہ یہ ہے کہ دنیا کو آنحضور ﷺ کے کامل اسوۂ اور اسلام کی حسین تعلیمات سے آگاہ کیا جائے۔۔۔

قرآن کریم فرماتا ہے:” اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی خاطر مضبوطی سے نگرانی کرتے ہوئے انصاف کی تائید کے گواہ بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو۔ یقیناً اللہ اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو“ (سورۃ المائدہ ۹)۔ یہ وہ تعلیم ہے جو معاشرے میں امن قائم کرتی ہے۔ فرمایا کہ اپنے دشمن کے معاملے میں بھی عدل کو نہ چھوڑو۔ ابتدائی تاریخ اسلام بتاتی ہے کہ اس تعلیم پر عمل کیا گیا تھا اور عدل وانصاف کے تمام تقاضے پورے کیے گئے تھے۔۔۔ فتح مکہ کے بعد حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ نے ان لوگوں سے کوئی انتقام نہیں لیا تھا جنہوں نے آپ ﷺ کو شدید تکالیف دی تھیں۔ آپ نے نہ صرف انہیں معاف کر دیا تھا بلکہ اجازت دی تھی کہ وہ اپنے

اپنے دین پر قائم رہیں۔ آج بھی امن صرف اس صورت میں قائم ہو سکتا ہے جب دشمن کے لئے بھی عدل کے تمام تقاضے پورے کیے جائیں۔ اور ایسا صرف مذہبی انتہاپسندی کے خلاف جنگوں میں ہی نہیں بلکہ دیگر تمام جنگوں میں بھی کیا جانا چاہئے۔۔۔

ہمیں آنحضرت ﷺ نے یہ سنہری اصول سکھایا ہے کہ ظالم اور مظلوم دونوں کی مدد کرو۔ صحابہ نے پوچھا کہ مظلوم کی مدد کرنا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن ظالم کی مدد کس طرح کر سکتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اس کے ہاتھوں کو ظلم سے روک کر کیوں کہ بصورت دیگر اس کا ظلم میں بڑھتے چلے جانا اسے خدا کے عذاب کا مورد بنادے گا۔ (صحیح البخاری کتاب الاکراہ باب یمین الرجل لصاحبہ۔ حدیث نمبر ۶۹۵۲)۔ پس اس پر رحم کرتے ہوئے اسے بچانے کی کوشش کرو۔ یہ وہ اصول ہے جو معاشرے کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی سے لے کر بین الاقوامی سطح تک اطلاق پاتا ہے۔ اس ضمن میں قرآن کریم فرماتا ہے: " اور اگر مومنوں میں سے دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرواؤ۔ پس اگر ان میں سے ایک دوسری کے خلاف سرکشی کرے تو جو زیادتی کر رہی ہے اس سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے فیصلے کی طرف لوٹ آئیں۔ پس اگر وہ لوٹ آئے تو ان دونوں کے درمیان عدل سے صلح کرواؤ اور انصاف کرو۔ یقیناً اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔" (سورۃ الحجرات ۱۰)۔

اگرچہ یہ تعلیم مسلمانوں کے متعلق ہے لیکن اس اصول کو اختیار کر کے عالمی امن کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔۔۔

دنیا میں امن قائم کرنے کی خاطر ہمیں ایک اور اصول یہ سکھایا گیا ہے کہ دوسروں کی دولت کو للچائی نظروں سے مت دیکھو۔ قرآن کریم فرماتا ہے: " اور اپنی آنکھیں اس عارضی متاع کی طرف نہ پسار جو ہم نے ان میں سے بعض گروہوں کو دنیوی زندگی کی زینت کے طور پر عطا کی ہے تاکہ ہم اس میں ان کی آزمائش کریں۔ اور تیرے رب کا رزق بہت اچھا اور باقی رہنے والا ہے" (سوۃ طٰہٰ ۱۳۲)

دوسروں کی دولت کو لالچ اور حسد سے دیکھنا بھی دنیا میں بڑھتی ہوئی بے چینی کی ایک وجہ ہے۔ ہر مادی آسائش کے حصول میں دوسروں سے آگے نکلنے کی کوشش کے نتیجہ میں ایک نہ ختم ہونے والے لالچ اور حرص نے جنم لیا

ہے۔انفرادی سطح پر اس دوڑ نے معاشرہ کے امن کو تباہ کر دیا ہے۔ قومی سطح پر لالچ کی اس دوڑ کے نتیجہ میں دنیا کا امن برباد ہوا ہے۔ تاریخ سے ثابت ہے اور ہر عقل مند آدمی یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ دوسروں کی دولت کے حصول کی خواہش لالچ اور حسد کو بڑھاتی ہے جو درحقیقت خسارہ کا سودا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کو چاہیئے کہ وہ اپنے وسائل پر نظر رکھیں اور ان سے فائدہ اٹھائیں۔ ارضی فتوحات کی کوششیں دراصل ان علاقوں کے قدرتی وسائل سے فائدہ اٹھانے کے لئے کی جاتی ہیں۔۔۔

مارچ ۲۰۱۲ کو نویں سالانہ امن کانفرنس کے موقعہ پر حضور نے فرمایا:

"محض تقاریر اور خطابات کر لینا اور سن لینا کافی نہیں ہے اور صرف اس کے ساتھ امن قائم نہیں ہو سکتا۔ دراصل اس اہم مقصد کے حصول کی بنیادی شرط تمام معاملات میں مکمل عدل و انصاف ہے۔ قرآن کریم کی سورۃ نمبر ۴ آیت ۱۳۶ میں ہمیں اس بارہ میں ایک سنہرہ اصول اور سبق دیا گیا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ انصاف کے تقاضے پورے کرنے چاہیئں خواہ آپ کو اپنے خلاف، اپنے والدین کے خلاف، اپنے دوستوں اور قریبی رشتہ داروں کے خلاف ہی گواہی کیوں نہ دینی پڑے۔ یہ حقیقی انصاف ہے جس میں اجتماعی مفاد کی خاطر ذاتی مفادات کو قربان کر دیا جاتا ہے۔ اگر ہم اس اصول کا مجموعی طور پر جائزہ لیں تو ہمیں احساس ہو گا کہ غیر منصفانہ تجاویز کو منوانے کے طریق جو دولت اور اثر ورسوخ کے بل بوتے پر اختیار کئے جاتے ہیں ترک کر دینے چاہیئں۔ اس کی بجائے ہر ملک کے نمائندگان اور سفیروں کو خلوص نیت کے ساتھ اور انصاف اور برابری کے اصولوں کی حمایت کی خواہش کے ساتھ آگے آنا چاہیئے۔ ہمیں ہر قسم کے تعصبات اور امتیاز کو یکسر مٹانا ہو گا کیونکہ قیام امن کا یہی واحد راستہ ہے۔ اگر ہم اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی یا سلامتی کونسل کا جائزہ لیں تو اکثر ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں کی جانے والی تقاریر اور جاری کیے جانے والے بیانات کی بہت تعریفیں کی جاتی ہیں اور سراہا جاتا ہے لیکن یہ پذیرائی بے معنی ہے کیونکہ اصل فیصلے تو پہلے ہی ہو چکے ہوتے ہیں۔"

پھر جون ۲۰۱۲ کو کیپیٹل ہل واشنگٹن میں انصاف کی بنیاد پر قائم بین الاقوامی تعلقات کے متعلق اسلامی تعلیم کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: ” اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں واضح طور پر فرمادیا ہے کہ ہماری قومیتیں اور نسلی پس منظر ہماری شناخت کا ذریعہ تو ہیں لیکن وہ ہمیں کسی قسم کی برتری اور فوقیت کا مستحق نہیں بناتیں۔ چنانچہ قرآن کریم نے واضح طور پر فرمایا ہے کہ تمام لوگ بحثیت انسان برابر ہیں (سورۃ الحجرات ۱۴)۔ آنحضرت صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے اپنے آخری خطبہ میں تمام مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ ہمیشہ یادرکھیں کہ کسی عربی کو غیر عربی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے۔ نہ ہی کسی غیر عربی کو عربی پر کوئی برتری حاصل ہے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے سکھایا کہ کسی گورے کو کالے پر کوئی فضیلت نہیں ہے نہ ہی کسی کالے کو گورے پر کوئی فضیلت ہے۔ چنانچہ اسلام کی یہ واضح تعلیم ہے کہ تمام قوموں اور نسلوں کے لوگ برابر ہیں۔ آپؐ نے یہ بھی واضح فرمایا کہ سب لوگوں کو بلا امتیاز اور بلا تعصب یکساں حقوق ملنے چاہیں۔ یہ وہ بنیادی اور سنہری اصول ہے جو بین الاقوامی امن اور ہم آہنگی کی بنیاد رکھتا ہے“

حضور نے جون ۲۰۱۳ کو انگلستان میں جماعت احمدیہ مسلمہ کی صد سالہ تقریبات کے سلسلہ میں پارلیمنٹ ہاوس لندن میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

” ہماری جماعت امن، بھائی چارہ اور ہم آہنگی کی علم بردار ہے۔ ہمارا ایمان ” محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں “ ہے۔ بعض غیر مسلم جن سے ہمارے قریبی مراسم ہوتے ہیں وہ بہت حیران ہوتے ہیں کہ جماعت احمدیہ مسلمہ امن اور بھائی چارہ پر مشتمل اپنے پیغام کو براہ راست اسلام سے منسوب کرتی ہے۔ ان کی حیرت کا سبب یہ ہے کہ دیگر متعدد نام نہاد مسلمان تنظیمیں اور علماء یکسر مختلف خیالات اور رویہ رکھتے ہیں اور کلیۃً مختلف پیغام دے رہے ہیں۔ اس فرق کو واضح کرنے کے لئے میں اس بات کی وضاحت ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم احمدی مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اس زمانہ میں تلوار کے ذریعہ جہاد کا تصور کلیۃً غلط اور قابل تردید ہے جبکہ دیگر مسلمان علماء نہ صرف اس کی ترویج کرتے ہیں بلکہ اس پر عمل پیرا بھی ہیں۔ ان کے انہی عقائد کی وجہ سے دنیا کے مختلف علاقوں میں مسلمانوں کی کئی ایک شدت پسند تنظیمیں ابھر کر سامنے آئی ہیں۔۔۔۔ قابل غور بنیادی نکتہ یہ ہے کہ تلوار کے استعمال کی اجازت محض اس وقت ہے جب اسلام پر مذہبی جنگ مسلط کی جائے۔ آج کی دنیا میں

کوئی بھی ملک یا مذہب ایسا نہیں جو خالصۃً مذہب کو بنیاد بنا کر اسلام کے خلاف اعلان جنگ کر رہا ہو۔ پس مسلمانوں کے لئے کسی طور پر بھی جائز نہیں کہ وہ مذہب کے نام پر کسی دوسرے پر حملہ کر دیں کیونکہ یہ قرآنی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے"۔۔۔۔

ایک گھناؤنا الزام جو بانی اسلام ﷺ اور قرآن کریم پر لگایا جاتا ہے یہ ہے کہ انہوں نے انتہا پسندی کی تعلیم دی اور اسلام کی تبلیغ کے لئے طاقت کے استعمال کو فروغ دیا۔ اس الزام کا جائزہ لینے اور حقیقت جاننے کے لئے دیکھتے ہیں کہ قرآن کریم کیا فرماتا ہے: ترجمہ: اور اگر تیرا رب چاہتا تو جو بھی زمین میں بستے ہیں اکٹھے سب کے سب ایمان لے آتے۔ تو کیا تو لوگوں کو مجبور کر سکتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ ایمان لے آئیں؟ (سورۃ یونس ۱۰۰)

یہ آیت واضح کر رہی ہے کہ تمام قدرتوں کا مالک خدا باآسانی تمام انسانوں کو جبراً ایک ہی مذہب پر اکٹھا کر سکتا تھا لیکن اس کی بجائے اس نے انسانوں کو اختیار دیا ہے کہ چاہیں تو ایمان لائیں اور چاہیں تو ایمان نہ لائیں۔ اور جب خدا نے بنی نوع انسان کو آزادی اور اختیار دیا ہے تو پھر کیسے ممکن ہے کہ حضرت محمد ﷺ یا آپ کا کوئی پیروکار کسی کو کسی بھی طرح جبراً مسلمان بنا سکے؟ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے: ترجمہ: اور کہہ دے کہ حق وہی ہے جو تمہارے رب کی طرف سے ہو۔ پس جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے سو انکار کر دے۔ (سورۃ الکھف ۳۰)

یہ اسلام کی حقیقت ہے۔ یہ اسلام کی حقیقی تعلیم ہے۔ اگر کسی کا دل چاہتا ہے تو اسے اسلام کو قبول کرنے کی آزادی ہے لیکن اگر اس کا دل مطمئن نہیں ہے تو اسے انکار کرنے کی بھی آزادی ہے۔ چنانچہ اسلام کلیۃً جبر و اکراہ اور انتہا پسندی کے خلاف ہے بلکہ اسلام معاشرہ کے تمام طبقات میں امن اور ہم آہنگی کو فروغ دیتا ہے۔۔۔

میری خواہش اور دلی دعا ہے کہ خدا تعالیٰ بڑی طاقتوں کو اس سلسلہ میں اپنی ذمہ داریاں اور فرائض انتہائی منصفانہ اور درست طریق پر نبھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

سالانہ رپورٹ کارکردگی مجلس انصاراللہ ناروے برائے سال۲۰۱۶ :

شعبہ عمومی: دوران سال نیشنل مجلس عاملہ اور زعماء مجالس کے ۱۴مشترکہ اجلاس ہوئے۔ شعبہ عمومی کی طرف سے جنوری ۲۰۱۶ میں سالانہ لائحہ عمل تیار کرکے ۱۳مجالس کو بھجوایا گیا۔ سال کے آغاز پر تمام ممبران نیشنل عاملہ اور زعماء مجالس کو12ماہ کے رپورٹ فارم دئے گئے۔ لیکن دوران سال3-4مجالس نے باقاعدگی سے رپورٹ دی بقیہ مجالس نے2ماہ یا3ماہ کی اکٹھی رپورٹ دی۔

شعبہ تجنید : کل مجالس ۱۳ ۔کل انصار:۲۵۵ ۔صف ِاوّل:۱۱۰صف ِدوئم:۱۴۵

یکم جنوری ۲۰۱۶ سے ۶ مجالس کے ۱۲ خدام جو ۲۰۱۵ میں انصار ہوئے انہیں یکم جنوری ۲۰۱۶ سے انصاراللہ کی تنظیم میں شامل کیا گیا ان نئے انصار کو خوش آمدید کہنے کے لئے ۳ جنوری ۲۰۱۶ کو تقریب منعقد ہوئی۔ نیز تمام مجالس کی تجنید ۲۰۱۶ مکمل کی گئی اور مجالس کو بھجوائی گئی۔ ایک ناصر مکرم ظہور احمد صاحب نے وفات پائی جو مکرم منصور احمد خالد قائد تعلیم کے والد محترم تھے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

امسال ایک نئی مجلس تھونس برگ کا قیام بھی عمل میں آیا۔

شعبہ تعلیم: امسال مضمون نویسی کے لیئے عنوان "کلمہ طیبہ اسلام کا پہلا رکن" مقرر کیا گیا۔ ۱۳انصار نے حصہ لیا۔ نیز دوران سال جماعت احمدیہ ناروے نے جو کتب مطالعہ کے لئے رکھی تھیں وہی کتب مجلس انصاراللہ نے بھی انصار کے مطالعہ کے لیے رکھیں۔ تمام مجالس کو ان کتب سے متعلق بتایا گیا۔ نیز مطالعہ کتب کا شوق بڑھانے کے لیے50 USB انصار کو قیمتاً دی گئیں اور انھیں بہت پسند کیا گیا کہ گاڑی میں کتب حضرت مسیح موعودؑ سن سکتے ہیں۔

شعبہ تربیت: جنوری ۲۰۱۶ میں تمام انصار کو خط تحریر کیا گیا جس میں نئے سال کی مبارکباد دی گئی۔ نیز نمازوں، تلاوت، خطبہ جمعہ کا سننا۔ اور ورزش کی طرف توجہ دلائی گئی۔ نیز رمضان المبارک میں تربیتی امور پر توجہ دلائی گئی۔ اور بچوں کے ساتھ والدین کو محبت سے پیش آنے کی تحریک کی۔ جماعت کی شوریٰ کی تجویز پر عمل کرتے ہوئے تمام انصار کو حضور انور کی خدمت میں خط لکھنے کی تحریک کی گئی۔

شعبہ تبلیغ : ہر ناصر کو انفرادی تبلیغ میں حصّہ لینے کے لئے سال کے دوران ہدف مقرر کرنے کو کہا گیا۔ دورانِ سال ۶ مجالس نے ۶ جلسہ سیرۃ النبیؐ منعقد کیے۔ جس میں ۲۰ غیر از جماعت احباب بھی شریک ہوئے۔ انٹرنیٹ کے ذریعہ ۴ قرآن مجید تحفتہً دیے گئے۔ دورانِ سال ۱۰ مجالس کے ۳۰ انصار نے تبلیغ کی۔ ۴۰۰ کے تعداد میں لٹریچر تقسیم کیا۔ علاوہ ازیں ۱۰۳ کتب بذریعہ ڈاک بھجوائی گئیں۔

شوریٰ کے فیصلے کے مطابق تھرونڈہائم میں ۳۱ اکتوبر ۲۰۱۶ کو ایک تبلیغی سیمینار ہوا جس میں ۱۳ ناروجین احباب شامل ہوئے۔ ای میل اور فیس بک کے ذریعے اس پیغام سے ۱۷۰۰ افراد نے استفادہ کیا۔

شعبہ ایثار: جماعت احمدیہ ناروے کی طرف سے ہر سال یکم جنوری کو مثالی وقارِ عمل منایا جاتا ہے، چنانچہ یکم جنوری ۲۰۱۶ کو پانچ جگہوں پر (2 اوسلو میں اور ایک کرسچن ساند، ایک درامن اور ایک تھونس برگ) مثالی وقارِ عمل ہوا، جس میں ۱۰ مجالس کے ۷۰ انصار نے حصہ لیا۔ دوران سال 52 ہفتوں کے دوران ۱۳ مجالس کے ۱۱۲ انصار نے بیت النصر اوسلو اور کرسچن ساند مسجد کی صفائی کی۔

سیکورٹی بیت النصر: مسجد بیت النصر کی سیکورٹی کے لئے جماعت کی طرف سے مجلس انصار اللہ کو ہفتہ میں 5 ڈیوٹیاں فی ڈیوٹی 8 گھنٹے ملی ہوئی ہیں۔ دوران سال 260 ڈیوٹیاں فی ڈیوٹی 8 گھنٹے 10 مجالس کے 80 انصار نے 2080 گھنٹے یہ ڈیوٹی سرانجام دی۔ علاوہ ازیں روزانہ صبح کے وقت ۷ بجے تا شام ۶ بجے تک کی ڈیوٹی بھی انصار دیتے ہیں جو ۵۳ گھنٹہ فی ہفتہ اور سال کی ۲۷۵۰ گھنٹے ڈیوٹی بنتی ہے۔ چنانچہ مجلس انصار اللہ نے ۵۲ ہفتوں میں ۴۸۳۶ گھنٹے ڈیوٹی دی۔ مسجد کی حفاظت ہم سب کا فرض ہے۔ اس لیے وقت کی قربانی کے جذبہ کے تحت ناروے کے تمام انصار کو ڈیوٹیوں میں حصہ لینا چاہئے۔

شعبہ صحت جسمانی: سال کے آغاز پر تمام انصار کو تحریراً صحت کو برقرار رکھنے کے لئے کم از کم 15 منٹ ورزش کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی۔ سالانہ اجتماع ناروے کے موقع پر انصار نے کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ سال کے آغاز پر مسرور ہال میں بیڈمنٹن کا انتظام کیا گیا۔ لجنہ بھی اس سہولت سے ہفتہ میں ۲ بار فائدہ اٹھا رہی ہے۔

امسال بیڈمنٹن کے ۳ مقابلہ جات ہوئے۔ مارچ میں یک روزہ ٹورنامنٹ مسرور ہال میں منعقد کیا گیا جس میں ۱۳۰ انصار نے حصہ لیا۔ دوسرا مقابلہ سالانہ اجتماع پر اور تیسرا مقابلہ نومبر میں "پہلا سکینڈے نیوین بیڈمنٹن ٹورنامنٹ" کے نام سے منعقد ہوا۔ تاہم اس میں سویڈن اور ڈنمارک کی ٹیمیں حاضر نہ ہو سکیں۔ چنانچہ اوسلو کے مجالس کے درمیان کی مقابلہ جات ہوئے۔ کل ۹۴ میچ ہوئے جس میں ۱۲ خدام اور ۲۲ انصار نے حصہ لیا۔ محترم امیر صاحب نے آخر پر انعامات تقسیم کئے اور دعا کروائی۔

شعبہ تعلیم القرآن ووقف عارضی: اس سال بھی قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا جو ہر جمعرات کو شام بعد نماز مغرب رکھی گئی تھی۔ لیکن حاضری نہ ہونے کے برابر تھی۔ مکرم بشارت احمد صابر صاحب کلاس لینے کے لیے باقاعدہ مسجد میں تشریف لاتے رہے۔

نومبر ۲۰۱۶ میں ایک ہفتہ کے لئے ڈاکٹر احمد رضوان صادق صاحب (پلمونالوجسٹ) نے طاہر ہارٹ انسٹی ٹیوٹ ربوہ میں وقف عارضی کیا جس میں وہاں ڈاکٹروں کی ٹریننگ کے علاوہ آؤٹ دور مریض بھی دیکھے۔ اس سے قبل ڈاکٹر صاحب نے تقریباً ۷۰ ہزار کرونز مالیت کی وینٹیلیشن کی مشینیں بھی طاہر ہارٹ انسٹی ٹیوٹ کو بھجوائیں۔

شعبہ مال: سال کے آغاز پر تمام مجالس نے اپنے بجٹ مکمل کر لئے۔ تمام انصار کو سال کے آغاز پر مالی قربانی کی اہمیت پر ایک خط تحریر کیا گیا۔ جس میں سال ۲۰۱۶ کا بجٹ بھی ہر ناصر کو تحریراً لکھ کر بھجوایا۔ تاکہ وہ اس کی ادائیگی جلد از جلد کر سکے۔ انصار اکاؤنٹ نمبر ۱۵۰۳۱۴۳۲۶۷۴ میں بھی اپنا چندہ مجلس و اجتماع جمع کروا سکتے ہیں۔

شعبہ تحریک جدید ووقف جدید: امسال بھی جماعت نے ذیلی تنظیموں کو وعدہ جات لینے کی ذمہ داری دی۔ مجلس نے تمام انصار کے وعدہ جات وصول کر کے نیشنل سیکرٹری تحریک جدید ووقف جدید کو دیے۔ جو انصار اس میں شامل نہیں تھے ان کے وعدہ جات بھی لے کر دیئے گئے۔

شعبہ آڈٹ: مقامی آڈیٹر سے سال ۲۰۱۵ کا حساب تاحال آڈٹ نہیں کروایا جاسکا۔

شعبہ اشاعت: دوران سال ایک شمارہ انصاراللہ ناروے، جوبلی نمبر ۲۰۰ کی تعداد میں شائع ہوا۔ جو انصار میں بذریعہ زعماء مجالس اور بذریعہ ڈاک پہنچایا گیا۔

انصار صف دوم: امسال بھی صف دوئم کے انصار سے ذاتی روابط بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ انصار کی صحت کو برقرار رکھنے کے لئے ورزش کی طرف توجہ دلائی گئی۔

مشاعرہ: امسال مجلس انصاراللہ نے پہلی مرتبہ ۳۰ اپریل ۲۰۱۶ کو مشاعرہ کا انعقاد کیا۔ یوکے ست مکرم مبارک احمد صدیقی صاحب تشریف لائے اور کلام سنایا۔ ۵ مقامی شعراء نے بھی اپنا کلام سنایا۔ کل ۲۵۰ ممبران جماعت نے شرکت کی جس میں ۱۲۵ خدان انصار اور ۱۲۵ لجنہ تھیں۔ مشاعرہ کو بہت پسند کیا گیا اور اسے یوٹیوب پر "مشاعرہ ۲۰۱۶" کے نام سے ڈال دیا گیا ہے۔

مشاعرہ ۲۰۱۶ کے چند مناظر

سالانہ رپورٹ ۲۰۱۵ کے مطابق شوریٰ ۲۰۱۵ کے فیصلہ جات پر عملدرآمد میں تبلیغ اور تربیت میں کمی رہی ہے۔ بیت النصر کی ڈیوٹی میں بھی گزشتہ سال کی طرح کچھ دقت رہی۔ ہر مجلس کو اپنا اجلاس باقاعدگی سے کرنا چاہیئے۔۔ مجلس کی کارکردگی کو بہتر کرنے کے لئے زعماء مجالس کے نظام کو بہتر کرنا ہوگا۔ مجموعی طور پر انصار کی کارکردگی پہلے سے بہتر ہوئی ہے۔ لیکن وقت کی قربانی کی روح میں انصار میں کچھ کمی ہے۔ اس کی طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ اور ہر زعیم کا اپنی مجلس کی ہر ناصر سے ذاتی رابطہ اس کمی کو دُور کرنے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسی فعال خدمت کی توفیق دیتا رہے۔ جو اس کے ہاں قبولیت پائے۔ آمین ثم آمین۔

۔سال ۲۰۱۶ میں مضمون نویسی کے لئے "" کلمہ طیبہ اسلام کا پہلا رکن "" مقرر تھا۔ جس میں مکرم **مظفر احمد خلیل** صاحب مجلس بیت النصر کے مضمون کو اول قرار دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں یہ اعزاز مبارک کرے۔ آمین۔

۔سال ۲۰۱۷ کے لئے مضمون نویسی کے لئے "**اللہ تعالیٰ پر ایمان**" تجویز ہوا ہے۔ مضمون بھجوانے کی آخری تاریخ ۱۵ مئی ۲۰۱۷ ہے۔ انصار کو چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ مضمون نویسی کے مقابلہ میں شامل ہوا کریں۔

(صدر مجلس وقائد عمومی انصاراللہ ناروے)

تیسواں سالانہ نیشنل اجتماع ۲۰۱۶ مجلس انصاراللہ ناروے

مجلس انصاراللہ ناروے کا ۳۰واں سالانہ نیشنل اجتماع ۲۴ اور ۲۵ مئی ۲۰۱۶ بروز اتوار اور سوموار بیت النصر اوسلو میں منعقد ہوا۔

National Ijtema
MAJLIS ANSARULLAH

رپورٹ لوکل اجتماعات مجلس انصاراللہ

۱۔ امسال بھی پچھلے سال کی طرح مجلس بیت النصر، مجلس لورن شکوگ، مجلس تھوئین، مجلس ہولملیا اور مجلس لامبر سیتر کا مشترکہ اجتماع مورخہ ۵ مئی ۲۰۱۶ بروز جمعرات مسرور ہال بیت النصر میں منعقد ہوا۔ منتظم اجتماع مکرم ندیم احمد خان صاحب تھے۔ معاونین میں مکرم عرفان خالد صاحب، مکرم افتخار احمد چوہدری صاحب، مکرم اسد ملک صاحب اور مکرم افتخار احمد وڑائچ صاحب شامل تھے۔ اجتماع کی صدارت مکرم شاہد محمود کاہلوں صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ اجتماع میں مقابلہ حسن قرأت، نظم، تقریر، تقریر فی البدیہہ، اور کھیلوں میں رسہ کشی، اور فٹ بال میں انصار نے جوش وخروش سے حصہ لیا۔ اجتماع کے اختتام پر محترم امیر صاحب نے انعامات تقسیم کیے اور دعا کروائی۔ آخر میں سب حاضرین میں کھانا پیش کیا گیا۔

۔کل حاضری ۵۷ انصار رہی۔ جس میں مجلس بیت النصر سے ۲۶، مجلس لورن شکوگ سے ۱۰، مجلس تھوئین سے ۵، مجلس ہولملیا سے ٦، مجلس لامبر سیتر سے ۷ اور ۷ مہمان انصار نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر سے نوازے۔ آمین۔

(رپورٹ مکرم ندیم احمد خان صاحب منتظم لوکل اجتماع)

۲۔ مجلس انصار اللہ کرستیان ساند نے ۲۲ مئی ۲۰۱٦ بروز اتوار مقامی اجتماع کا انعقاد کیا۔ صدارت مقامی صدر صاحب کی۔ حاضری ۱۰۰ فی صد تھی، اجتماع میں خدام اور اطفال بھی شامل تھے۔ اجتماع میں نصاب کے مطابق مقابلہ جات کروائے گئے جن میں انصار نے حصہ لیا۔ آخر میں کھانا پیش کیا گیا۔

(رپورٹ زعیم انصار اللہ مکرم رائے مظفر احمد صاحب)

رپورٹ جلسہ ہائے سیرت النّبی ﷺ :

ا۔ مجلس بیت النصر، مجلس تھوئین، مجلس لورن سکوگ، مجلس ہولملیا اور مجلس لامبر سیتر کا مشترکہ جلسہ سیرت النبی ﷺ مورخہ ۲۵ فروری ۲۰۱۶ بروز اتوار مسجد بیت النصر میں منعقد ہوا۔ مربی سلسہ مکرم طاہر محمود خان صاحب نے ” آنحضور ﷺ کا عفوو درگذر“ اور مکرم ہارون احمد صاحب نے ” آنحضور ﷺ امن کے پیامبر“ پر تقاریر کیں۔ مکرم امیر صاحب نے ” عائلی زندگی میں آنحضور ﷺ کا بہترین نمونہ“ کے عنوان سے تقریر کی۔

کل حاضری ۷۰ انصار رہی۔ ان کے علاوہ مہمانوں کی تعداد ۲۰ تھی۔ آخر پر کھانا پیش کیا گیا۔

(رپورٹ مکرم ندیم احمد خان صاحب زعیم مجلس بیت النصر)

۲۔ مجلس انصار اللہ کرستیان ساند نے ۱۶ اکتوبر ۲۰۱۶ کو جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد کیا۔ فیس بک اور وٹس ایپ کے ذریعہ غیر از جماعت احباب کو شمولیت کی دعوت دی گئی۔ کل حاضری ۲۴ تھی جس میں مہمانوں کی تعداد ۱۴ رہی، ان میں پاکستان، بھارت، افغانستان سے اور عربی زبان بولنے والے شامل تھے۔ اجلاس میں حضرت مسیح موعودؑ کا آنحضور ﷺ کی مدح میں قصیدہ پیش کیا گیا۔ مکرم مربی سلسلہ یاسر فوزی صاحب نے نارو یجین زبان میں رسول کرم ﷺ کی زندگی کے واقعات بتائے۔ اردو اور عربی زبان میں بھی سیرت ﷺ بیان کی گئی۔ اجلاس کے آخر پر کھانا پیش کیا گیا۔

(رپورٹ مکرم رائے مظفر احمد صاحب، زعیم مجلس کرستیان ساند)

ہیلتھ سیمینار انصار اللہ ۲۰۱۶ :

امسال مجلس انصار اللہ ناروے نے پچھلے سال کی طرح بیت النصر میں ہیلتھ سیمینار منعقد کیا جسمیں خدام اور اطفال کو بھی مدعو کیا گیا۔ سیمینار میں محترم ڈاکٹر صفدر صاحب اور محترم ڈاکٹر عدیل احمد صاحب نے پاور پوائنٹ کے ذریعہ صحت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ آخر پر سوالات کے جوابات دیئے گئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم　　وعلی عبدہ المسیح الموعود

سیدنا امامنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

سیدی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجوزہ فہرست نیشنل مجلس عاملہ مجلس انصار اللہ ناروے برائے سال 2017 بغرض منظوری پیش خدمت ہے۔

1	نائب صدر اوّل	مکرم نصیر احمد عاصر صاحب
2	نائب صدر دوئم	مکرم ڈاکٹر عبد النور ظاہر صاحب
3	قائد عمومی	مکرم رانا نعیم احمد خان صاحب
4	قائد تعلیم	مکرم عبدالرحمن محمود قریشی صاحب
5	قائد تربیت	مکرم مظفر احمد خلیل صاحب
6	قائد تربیت نومبائعین	مکرم جاوید اقبال صاحب
7	قائد ایثار	مکرم غلام سرور صاحب
8	قائد تبلیغ	مکرم وحید الدین چوہدری صاحب
9	قائد ذہانت وصحت جسمانی	مکرم سید انور شاہ صاحب
10	قائد مال	مکرم آفتاب فرید صاحب
11	قائد وقف جدید	مکرم قاسم احمد انور صاحب
12	قائد تحریک جدید	مکرم محمد یعقوب خان صاحب
13	قائد تجنید	مکرم عقیل احمد صاحب
14	قائد اشاعت	مکرم ڈاکٹر احمد رضوان صادق صاحب
15	قائد تعلیم القرآن ووقف عارضی	مکرم منصور خالد صاحب
16	آڈیٹر	مکرم عبدالمجید کھوکھر صاحب
1	اراکین خصوصی	مکرم سید کمال یوسف صاحب
2	اراکین خصوصی	مکرم بشارت احمد صابر صاحب

اوسلو
۱۸ دسمبر 2016

والسلام
خلافت کا ادنیٰ ترین غلام

SADR
Majlis Ansarullah Norway صدر مجلس انصار اللہ ناروے

AMIR/NASJONAL LEDER
AHMADIYYA MUSLIM JAMAAT
NORWAY/NORGE

انصار اللہ ناروے آپ کا اپنا رسالہ ہے اس کے لئے مفید مشورے اور مضامین کی ضرورت ہے۔ اراکین مجلس انصار اللہ سے درخواست ہے کہ رسالہ کے لئے علمی، معلوماتی، تاریخی اور دلچسپ مضامین بھجوائیں۔ کوشش کریں کہ مضامین کمپیوٹر پر word میں لکھ کر اس ایڈریس پر بھجوائیں۔ ahmedrizwansadiq@gmail.com جزاکم اللہ

جاگ اے شرمسار! آدھی رات
اپنی بگڑی سنوار آدھی رات

یہ گھڑی پھر نہ ہاتھ آئے گی
باخبر، ہوشیار! آدھی رات

وہ جو بستا ہے ذرّے ذرّے میں
کبھی اس کو پکار آدھی رات

اس کے دربار عام میں جا بیٹھ
سب لبادے اتار آدھی رات

دو گھڑی عرض مدّعا کرلے
وقت ہے سازگار آدھی رات

باب رحمت کو کھٹکھٹانے دے
میرے پروردگار! آدھی رات

شدّت غم میں کچھ کمی کردے
اب تو اے غمگسار! آدھی رات

کھلتے کھلتے کھلے گا باب قبول
عرض کر بار بار آدھی رات

اپنے داتا کے در پہ آیا ہے
ایک امیدوار آدھی رات

ہوش و صبر و قرار کا دامن
ہوگیا تار تار آدھی رات

میری فریاد کا جواب تو دے
بول اے کردگار! آدھی رات

بے کسوں کو تری کریمی کا
آگیا اعتبار آدھی رات

اشک در اشک جھلملانے لگا
میرا قرب و جوار آدھی رات

کس لئے بے قرار ہے مضطر
کس کا ہے انتظار آدھی رات

(چوہدری محمد علی مضطر عارفی)

مختصر رپورٹ کاروائی ۲۷ ویں مجلس شوریٰ مجلس انصار اللہ ناروے :

مجلس انصار اللہ ناروے کی ۲۷ ویں مجلس شوریٰ کا پہلا اجلاس ۴ دسمبر ۲۰۱۶ کو مسجد بیت النصر میں ۱۱ بجے مبلغ سلسلہ و نائب امیر ناروے محترم شاہد محمود کاہلوں صاحب کی زیر صدارت شروع ہوا۔ تلاوت کے بعد صدر مجلس انصار اللہ ناروے مکرم رائے عبد القدیر صاحب نے کھڑے ہو کر انصار اللہ کا عہد دھرایا۔ اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام پڑھ کر سنایا جو کہ شوریٰ کے ایجنڈہ کی منظوری کے حوالے سے تھا۔ افتتاحی خطاب میں مکرم کاہلوں صاحب نے دنیا کی بے ثباتی کی ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ دنیا کی زندگی عارضی سامان ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہترین ہے۔ انسان کو نیک کام اور اچھی یادیں چھوڑ کر اس دنیا سے جانا چاہیئے۔ انہوں نے آج صبح سابق صدر لجنہ ناروے مکرمہ نسیم منیر صاحبہ کی وفات کا ذکر کرتے ہوئے ان کا ذکر خیر بھی کیا۔ اس کے بعد شوریٰ کے ممبران کو تقویٰ کے ساتھ مشورہ دینے کی ہدایت کی۔ آخر پر دعا کروائی اور تشریف لے گئے۔ اجلاس محترم صدر صاحب انصار اللہ کی صدارت میں جاری رہا۔

اس کے بعد قائم مقام سیکرٹری شوریٰ مکرم ڈاکٹر احمد رضوان صادق صاحب نے حاضری لی۔ ۵۲ ممبرن میں سے ۴۶ ممبران حاضر تھے۔ ۶ ممبران رخصت پر تھے۔ اس کے بعد حسب ارشاد محترم صدر صاحب قائم مقام سیکرٹری شوریٰ نے شوریٰ کے متعلق عمومی ہدایات، رپورٹ سالانہ کارگذاری ۲۰۱۶، رپورٹ عمل درآمد سفارشات شوریٰ ۲۰۱۵، ردشدہ تجاویز ۲۰۱۶، اور تجاویز برائے شوریٰ ۲۰۱۶ پڑھ کر سنائیں۔

صدر صاحب انصار اللہ ناروے نے اپنی معاونت کے لئے مکرم ڈاکٹر عمران صاحب کو سٹیج پر بلایا اور سب کمیٹیوں کی تشکیل دی۔

تجویز نمبر ا تربیت کے لیئے جو سب کمیٹی تشکیل دی گئی وہ مندرجہ ذیل ۱۲ ممبران پر مشتمل تھی۔

ا۔ مکرم جمیل احمد قمر صاحب (صدر کمیٹی) ۲۔ مکرم مظفر خلیل صاحب (سیکرٹری) ۳۔ مکرم ریاض عباس جعفری صاحب ۴۔ مکرم بشارت احمد صابر صاحب ۵۔ مکرم نعیم احمد بشارت صاحب ۶۔ مکرم ڈاکٹر عمران صاحب ۷۔ مکرم سیّد مبارک احمد شاہ صاحب ۸۔ مکرم رانا مبشر محمود صاحب ۹۔ مکرم خواجہ محمود اسلام صاحب ۱۰۔ مکرم لطیف احمد چوہدری صاحب ۱۱۔ مکرم شاہد عمر ناصر صاحب ۱۲۔ مکرم عبد المنعم ناصر صاحب

تجویز نمبر ۲ تبلیغ کے لیئے جو سب کمیٹی تشکیل دی گئی وہ مندرجہ ذیل ۱۱۳ افراد پر مشتمل تھی۔

۱۔ مکرم حامد حیات قیصرانی صاحب (صدر کمیٹی) ۲۔ مکرم وحید الدین چوہدری صاحب (سیکرٹری) ۳۔ مکرم منصور ڈار صاحب ۴۔ مکرم سہیل مسعود صاحب ۵۔ مکرم ندیم احمد خان صاحب ۶۔ مکرم سیّد انور شاہ صاحب ۷۔ مکرم سیف اللہ چیمہ صاحب ۸۔ مکرم خالد محمود ملک صاحب ۹۔ مکرم نعیم احمد صاحب ۱۰۔ مکرم رائے مظفر صاحب ۱۱۔ مکرم منصور خالد صاحب ۱۲۔ مکرم عرفان خالد صاحب ۱۳۔ مکرم عبد الہادی صاحب

تجویز نمبر ۳ مال کے لیئے جو سب کمیٹی تشکیل دی گئی وہ مندرجہ ذیل ۱۳ افراد پر مشتمل تھی۔

۱۔ مکرم خواجہ شفقت اللہ صاحب (صدر کمیٹی) ۲۔ مکرم آفتاب فرید صاحب (سیکرٹری) ۳۔ مکرم ارشد ججہ صاحب ۴۔ مکرم چوہدری رشید احمد صاحب ۵۔ مکرم محمود احمد چغتائی صاحب ۶۔ مکرم عبد الرحمٰن قریشی صاحب ۷۔ مکرم عبد المجید کھوکھر صاحب ۸۔ مکرم افتخار احمد وڑائچ صاحب ۹۔ مکرم عقیل احمد صاحب ۱۰۔ مکرم داؤد احمد زاہد صاحب ۱۱۔ مکرم رانا بشارت صاحب ۱۲۔ مکرم محمد یعقوب خان صاحب ۱۳۔ مکرم ناصر احمد محمود صاحب۔

سب کمیٹیوں کے صدران و ممبران کو بتایا گیا کہ انہوں اپنے اجلاسات کہاں کرنے ہیں۔ اجلاس اول ایک بجے اختتام پذیر ہوا۔ اس کے بعد نماز ظہر و عصر ادا کی گئیں۔ اس کے بعد سب کمیٹیوں نے اپنے اپنے اجلاسات سوا تین بجے تک کیئے۔ جس کے بعد نماز مغرب و عشاء ادا کی گئیں۔ نمازوں کے بعد کھانا پیش کیا گیا۔

اجلاس دوئم : کھانے کے بعد دوسرا اور آخری اجلاس ساڑھے چار بجے مکرم و محترم رائے عبد القدیر صاحب، صدر مجلس انصار اللہ کی زیر صدارت شروع ہوا۔ تلاوت اور اسکا اردو ترجمہ مکرم رانا مبشر احمد صاحب نے اور نارو یجین ترجمہ مکرم عبد الرحمٰن محمود قریشی صاحب نے پڑھا۔

صدر صاحب نے مکرم سیّد انور شاہ صاحب کو معاونت کے لئے سٹیج پر بلایا۔ سب کمیٹیوں نے اپنی رپوٹس پیش کیں جن پر مرحلہ وار غور کیا گیا اور اراکین مجلس شوریٰ نے بحث میں حصہ لیا۔ اراکین شوریٰ کی تائید سے سب کمیٹیوں کی سفارشات کو معمولی تبدیلیوں کے ساتھ منظور کر لیا گیا۔ آخر پر تمام ممبران شوریٰ نے کھڑے ہو کر سب کمیٹی کو تجویز کردہ بجٹ آمد و خرچ برائے سال ۲۰۱۷ من و عن منظور کیا۔

آخر میں مکرم و محترم امیر صاحب ناروے چوہدری ظہور احمد صاحب نے مجلس شوریٰ سے مختصر خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں مکرم امیر صاحب نے اس بات کو دھرایا کہ ممبران شوریٰ سارا سال شوریٰ کے ممبر ہوتے ہیں اور انہیں اس بات کی نگرانی کرنی

چاہیئے کہ کس حد تک تجاویز پر کام ہو رہا ہے۔ اگر نہیں ہو رہا تو صدر مجلس کو اس کی یاد دہانی کروائیں، پھر بھی کام نہ ہو تو امیر کی وساطت سے حضور کو اس کی اطلاع دیں۔ مقصد بہتری کرنا ہے نہ کہ شکایت لگانا۔ مکرم امیر صاحب نے اس بات کی بھی وضاحت کی کہ کثرت رائے کا مطلب منظوری نہیں۔ آخری منظوری حضور ایدہ اللہ تعالیٰ سے آنے کے بعد تمام ممبران شوریٰ کو اس کی کاپی ملنی چاہیئے۔ آخر میں مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی اور یوں مجلس انصار اللہ ناروے کی ۲۷ویں مجلس شوریٰ اپنے اختتام کو پہنچی۔ الحمد اللہ۔

(صدر مجلس انصار اللہ ناروے و قائم مقام سکریٹری شوریٰ)

سفارشات مجلس شوریٰ ۲۰۱۶

تجویز نمبر 1 تربیت: والدین اور بچوں کے تعلقات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے شوریٰ تربیتی لائحہ عمل بنائے۔ (نیشنل مجلس عاملہ)

سفارشات:

۱۔ انصار کو بار بار توجہ دلائی جائے کہ اپنی اولاد کے ساتھ عزت و تکریم سے پیش آئیں اور اپنا مثبت عملی نمونہ پیش کریں۔

۲۔ بچوں سے بہتر تعلقات کے لئے درج ذیل مواقع استعمال کئے جائیں۔ نماز باجماعت کا اہتمام، حضور انور کا خطبہ اکٹھے بیٹھ کر سنیں، کھانا اکٹھے بیٹھ کر کھایا جائے۔

۳۔شادی شدہ بچوں کے ساتھ والدین کا مضبوط باہمی رابطہ ہونا چاہیئے۔ایک دوسرے کے گھروں میں آنا جانا چاہیئے اور تحائف پیش کئے جائیں۔

۴۔دوران سال ایک ورکشاپ مجالس کی سطح پر اور مرکزی سطح پر منعقد کی جائے جس میں والدین اور بچوں سے باہم تعلقات پر بات کی جائے نیز والدین اور بچے اپنے تجربات پیش کریں۔

۵۔ممبران مجلس عاملہ انصاراللہ مرکزیہ سال میں کم از کم ایک بار ہر ناصر کے گھر کا دورہ کرے۔

۶۔والدین کی راہنمائی کے لئے ایک مختصر کتابچہ اردو اور نارویجین میں تیار کیا جائے جس میں والدین اور بچوں سے بہتر تعلقات پیدا کرنے کے لئے مشورے درج ہوں۔

۷۔دوران سال / سال کے شروع میں خدام کے ساتھ مل کر مجلس انصاراللہ مرکزیہ و مقامی مجالس ایسے سیمینار / پروگرام بنائے جسمیں دوستانہ ماحول میں والدین اور بچوں کے تعلقات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے حوالہ سے آزادانہ گفتگو ہوسکے تاکہ مسائل کی وجہ کو سمجھتے ہوئے ان کا حل ڈھونڈا جاسکے۔

تجویز نمبر 2 تبلیغ: ناروے کے دور دراز علاقوں میں پیغام حق پہنچانے کے لئے شوریٰ لائحہ عمل بنائے۔

(نیشنل مجلس عاملہ)

سفارشات:

۱۔دور حاضر کے تقاضوں کے مد نظر ناروے کے دور دراز علاقوں میں پیغام حق پہنچانے کے لئے آج کل کے رائج پیغام رسانی کے ذرائع سے استفادہ کیا جائے۔مثلاً انٹرنیٹ جس میں سوشل میڈیا کا ایک کلیدی کردار ہے۔

۲۔ مجلس انصاراللہ کے زیر اہتمام دور دراز علاقوں میں پیغام حق پہنچانے کے لئے سال میں کم از کم ایک تبلیغی سیمینار یا سٹال یا دورہ کا اہتمام کیا جائے۔علاقہ کے تعین کے وقت مقامی ثقافتی دن کو بھی ملحوظ خاطر رکھنے کی کوشش کی جائے تا زیادہ سے زیادہ لوگ استفادہ کر سکیں۔

تجویز نمبر 3 بجٹ:

سب کمیٹی نیشنل مجلس عاملہ کے بجٹ آمد خرچ مبلغ ۳۸۴۰۰۰ کرونر کو من و عن منظور کرنے کی سفارش کی۔

لائحہ عمل جنوری تا دسمبر ۲۰۱۷

شعبہ عمومی: قائدین اور زعماء کو رپورٹ کی عادت ڈالنا۔ سالانہ اجتماع کا انعقاد۔ سالانہ اجتماع کی تیاری۔ مجلس شوریٰ کی سفارشات پر عملدر آمد۔ مجالس میں عاملہ اور اجلاس عام کا انعقاد۔ جماعت کے ریفریشر کورس اور جماعتی پروگراموں میں شمولیت۔

شعبہ تجنید: تجنید مکمل رکھی جائے گی۔ تبدیلی کی اطلاع زعماء دیں گے۔

شعبہ تعلیم: کتب حضرت مسیح موعودؑ کے مطالعہ کی طرف ہر ناصر کو توجہ دلائی جائے گی۔ سالانہ اجتماع کی تیاری۔

شعبہ تربیت: نمازوں اور تلاوت قرآن مجید اور ترجمہ کی طرف ہر ناصر کو توجہ دلائی جائے گی۔ تربیتی جائزہ فارم ہر ناصر سے پُر کروایا جائے گا۔ اور ہر مجلس تربیتی جائزہ فارم مکمل کروائے گی۔

شعبہ تبلیغ: جماعت کی طرف سے Open Dag میں زیادہ سے زیادہ احباب کی شمولیت۔ لٹریچر کی تقسیم، جلسہ سیرۃ النبی ﷺ کا انعقاد۔ جماعت کی طرف سے نیشنل یوم تبلیغ میں شمولیت۔ ہر ماہ تبلیغی سٹال اور بیرون اوسلو تبلیغی سیمینار کا انعقاد، انفرادی تبلیغ کیسے کرنی ہے؟ دلائل سیکھیں اور ہدف مقرر کریں اور دورانِ سال اس پر توجہ دیں۔ نیز اپنے ہمسائیوں کو بھی تبلیغ کریں۔

شعبہ اشاعت: سال میں دو مرتبہ رسالہ شائع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ زعماء مجالس میں رسالہ کے لئے مضامین لکھنے کی تحریک کریں گے۔

تربیت نومبائع: نومبائع سے رابطہ کرکے ان کی تربیت اور مالی نظام میں شامل کرنے کی کوشش کی جائے۔

صحت جسمانی: مجالس اجلاسات میں صحت کے متعلق معلومات دیں گے۔ بین المجالس مقابلہ جات اور بلڈ پریشر و شوگر چیک کی جائے گی،

شعبہ ایثار: ہر جمعرات کو مجالس مسجد کی صفائی کریں گی۔ ہر مجلس سال میں 2 مرتبہ sykehjem کو دورہ کرنے کی کوشش کرے۔ وقار عمل کے ذریعے بیت النصر میں کیاریوں میں پھول لگائے جائیں گے۔

تعلیم القرآن و وقف عارضی: اجلاس عام میں زعماء انصار کو وقف عارضی کی طرف توجہ دلائیں گے۔ skype اور دوسرے ذرائع سے قرآن مجید ناظرہ با ترجمہ اور نماز مترجم سکھانے کا انتظام کریں گے۔

شعبہ مال: تمام مجالس نومبر تک اپنے بجٹ کا سو فیصد وصول کرنے کی کوشش کریں گی اور ہر زعماء انصار سے بجٹ کے مطابق آمدنی کا جائزہ لیں گے۔ بقایا وصول کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ سال میں 3 مرتبہ ہفتہ وصولی منایا جائے۔ اور زعماء مجالس ہر ناصر کو 3 ماہ بعد اس کا وصولی کا جائزہ بتائیں گے۔

تحریک جدید: تحریک جدید کے تمام دفاتر کے انصار کے وعدہ جات مکمل کرنے کے بعد وصولی کی کوشش کی جائے اور جو شامل نہیں انہیں شامل کیا جائے۔

وقفِ جدید: وقف جدید کے تمام دفاتر کے انصار کے وعدہ جات مکمل کرنے کی کوشش کی جائے اور جو شامل نہیں انہیں شامل کیا جائے۔

نائب صدر اوّل: بیت النصر کی ڈیوٹیوں کی فہرست زعماء کو مہیا کریں گے۔

نائب صدر دوئم: صف دوئم کے انصار سے رابطہ اور حضور انور کے ارشاد کے مطابق پروگرام بنا کر زعماء کو آگاہ کیا جائے گا۔

(نیشنل مجلس عاملہ انصار اللہ ناروے)

سیب، ایک اور نعمت خداوندی۔۔۔۔

(حکیم محمد عبداللہ کی کتاب "پھلوں اور سبزیوں کے خواص" سے ماخوذ)

سیب ایک مشہور پھل ہے۔ اسکا درخت ۲۵۔۳۰ فٹ ہوتا ہے۔ اس کے درخت پر سفید پھول کھلتے ہیں۔ اس کا تعلق گلاب کے خاندان سے ہے۔ سیب کو تمام پھلوں کا بادشاہ اور انگور کو شہزادہ کہا جاتا ہے۔

